
SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
July 1, 2026

# Pakistan Enters Sustainable Investment Market as SECP Launches ESG Mutual Funds Framework




**ISLAMABAD, July 1:** Pakistan has taken a major step towards sustainable finance with the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) issuing the country's first ESG Mutual Funds Framework. The framework enables Asset Management Companies (AMCs) to launch Environmental, Social and Governance (ESG)-focused mutual funds, bringing Pakistan's capital market in line with global sustainable investment practices.

Globally, sustainable investing has grown rapidly, with more than *USD 16 trillion* in assets managed under sustainable investment strategies. As investors increasingly seek investments that combine financial returns with responsible business practices, regulators around the world are introducing frameworks to support ESG investing. For Pakistan, the initiative is particularly important as the country remains among the world's most climate-vulnerable nations. The new framework establishes a transparent regulatory regime for ESG-aligned collective investment schemes and opens Pakistan's financial market to the growing global sustainable investment ecosystem.

Under the framework, equity-based ESG mutual funds will primarily invest in companies included in the Pakistan Stock Exchange's Sustainability Index and those aligned with SECP's ESG Disclosure Guidelines. Debt-based ESG mutual funds will invest in green, social and sustainability-linked debt instruments in line with Pakistan's Green Taxonomy and Sustainable Finance Framework. The framework is expected to encourage Pakistani companies to improve their environmental, social and governance practices, enhancing their access to sustainable investment capital while promoting responsible corporate behaviour.


To protect investors and maintain market integrity, the framework requires ESG mutual funds to invest at least *50 percent* of their net assets in ESG-aligned investments. It also introduces governance, disclosure and independent assurance requirements to prevent greenwashing and enhance transparency and accountability. The ESG Mutual Funds Framework is part of SECP's broader sustainability reform agenda. In recent years, the Commission has introduced ESG Disclosure Guidelines for listed companies, adopted IFRS Sustainability Disclosure Standards (IFRS S1 and S2), launched the ESG Sustain Platform, and developed Pakistan's Green Taxonomy.

These reforms are strengthening Pakistan's sustainable finance ecosystem and positioning the country's capital market to attract responsible and long-term investment.

SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
July 1, 2026

# پاکستان پائیدار سرمایہ کاری کی مارکیٹ میں داخل؛ ایس ای سی پی نے ای ایس جی میوچل فنڈز فریم ورک متعارف کرا دیا




اسلام آباد، یکم جولائی: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ملک کا پہلا ای ایس جی میوچل فنڈز فریم ورک جاری کر دیا ہے۔ یہ اقدام پاکستان کی فنانشل مارکیٹس کو عالمی پائیدار مالیاتی نظام سے ہم آہنگ کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ اس اقدام سے پاکستان کی فنانشل مارکیٹ کے لیے تیزی سے بڑھتی ہوئی عالمی پائیدار سرمایہ کاری کے راستے کھلیں گے، اور امید ہے کہ اس سے ملک کے طویل مدتی اقتصادی استحکام اور پائیداری کے اہداف کو مدد ملے گی۔

پاکستان کے لیے ای ایس جی کی اہمیت فوری بھی ہے اور سٹریٹجک بھی۔ موسمیاتی تبدیلیوں سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہونے کی وجہ سے، پاکستان کو ماحولیاتی خطرات کا سامنا کرنے والے دنیا کے سرفہرست دس ممالک میں شمار کیا جاتا ہے۔ پائیدار سرمایہ کاری دنیا بھر میں جدید دور کی کیپیٹل مارکیٹ انویسٹمنٹ کی ایک نمایاں خصوصیت بن چکی ہے، جہاں پائیدار سرمایہ کاری کی حکمت عملیوں کے تحت زیرِ انتظام اثاثے 16 ٹریلین امریکی ڈالر کی بلند ترین سطح تک پہنچ چکے ہیں۔ میوچل فنڈز کے سرمایہ کار اب تیزی سے ایسے مواقع تلاش کر رہے ہیں جو مالیاتی منافع کے ساتھ ساتھ ای ایس جی کے اصولوں پر بھی پورے اترتے ہوں۔

ای ایس جی میوچل فنڈز فریم ورک کے تحت، ایسٹ مینجمنٹ کمپنیاں ای ایس جی پر مرکوز ایسے میوچل فنڈز قائم کر سکتی ہیں جو بنیادی طور پر ان کاروباروں اور فنانشل اِنسٹرومنٹس میں سرمایہ کاری کریں گے جو مضبوط ماحولیاتی، سماجی اور گورننس کے طریقوں کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ایکویٹی پر مبنی ای ایس جی میوچل فنڈز ان کمپنیوں میں سرمایہ کاری کریں گے جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے سسٹین ایبلٹی انڈیکس اور ایس ای سی پی کی ای ایس جی ڈِسکلوژر گائیڈ لائنز کے مطابق ہوں گی۔ دوسری طرف، ڈیٹ پر مبنی ای ایس جی میوچل فنڈز پاکستان کی گرین ٹیکسونومی اور سسٹین ایبل فنانس فریم ورک کے مطابق گرین، سوشل اور پائیداری سے منسلک ڈیٹ آلات میں سرمایہ کاری کریں گے۔ یہ فریم ورک پاکستانی کمپنیوں کو اپنی ای ایس جی کارکردگی کو مضبوط بنانے کی ترغیب دیتا ہے، جس سے ای ایس جی میوچل فنڈز میں ان کی شمولیت کی اہلیت بڑھے گی اور پائیدار سرمایہ کاری کے سرمائے تک ان کی رسائی بہتر ہو گی۔ ایسا کرنے سے، یہ بیک وقت ذمہ دارانہ کارپوریٹ طریقوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، سرمایہ کاری کے مواقع کو وسعت دیتا ہے، اور نجی سرمائے کو ماحولیاتی طور پر پائیدار اور سماجی طور پر ذمہ دارانہ اقتصادی سرگرمیوں کی طرف راغب کرتا ہے۔

سرمایہ کاروں کے اعتماد اور مارکیٹ کی ساکھ کو برقرار رکھنے کے لیے، فریم ورک میں اہم حفاظتی اقدامات متعارف کرائے گئے ہیں۔ ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے لیے لازم ہو گا کہ وہ اپنے خالص اثاثوں کا کم از کم پچاس فیصد 50% ای ایس جی کے مطابق سرمایہ کاری میں لگائیں اور گورننس، ڈِسکلوژر، اور اِنڈیپینڈینٹ اَشورینس کی ضروریات کی تعمیل کریں۔ ای ایس جی حکمت عملیوں کے تحت ایکویٹی اور ڈیٹ سیکیورٹیز کی یہ درجہ بندی 'گرین واشنگ' کے خلاف معتبر تحفظ فراہم کرتی ہے، جو سرمایہ کاروں کے اعتماد کو محفوظ رکھتی ہے، مارکیٹ کی ساکھ کو سہارا دیتی ہے، اور شفافیت واحتساب کو فروغ دیتی ہے۔

یہ ای ایس جی میوچل فنڈز فریم ورک ایس ای سی پی کے سسٹین ایبلٹی ریگولیٹری روڈ میپ میں ایک اور سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس سے قبل کیے گئے اقدامات میں لسٹڈ کمپنیوں کے لیے ای ایس جی ڈِسکلوژر گائیڈ لائنز کا تعارف، آئی ایف آر ایس سسٹین ایبلٹی ڈِسکلوژر اسٹینڈرڈز کا نفاذ، 'ای ایس جی سسٹین پلیٹ فارم' کی تیاری، اور پاکستان کی گرین ٹیکسونومی کو آگے بڑھانا شامل ہے۔ ان تمام اقدامات نے مل کر پائیدار مالیات کے لیے ایک مضبوط ریگولیٹری نظام قائم کیا ہے، جس سے پاکستان ذمہ دارانہ اور پائیدار سرمایہ کاری کے لیے ایک ابھرتے ہوئے مرکز کے طور پر سامنے آیا ہے۔